106537 ـ اعتکاف کی حالت میں درس دینا اور وعظ کرنا

سوال

کیا اعتکاف کرنے والا شخص کسی دوسرے کو تعلیم دے سکتا ہے، اور درس وغیرہ دے سکتا ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

" افضل تو یہی ہے کہ اعتکاف کرنے والا شخص عبادت میں مشغول رہے اور خاص کر ذکر و اذکار اور نماز کی ادائیگی اور قرآن مجید کی تلاوت وغیرہ میں مشغول رہے.

لیکن اگر کسی شخص کو دینی تعلیم کی ضرورت ہو تو بھی اس میں کوئی حرج نہیں تعلیم دی جا سکتی ہے، کیونکہ یہ بھی اللہ کے ذکر میں شامل ہوتا ہے " انتہی

فضیلۃ الشیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ.